यहाँ से काटिए

प्रश्न पत्र को खोलने के लिए यहाँ फाड़ें

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

Tear Here

Sl.No.:

नामांक **Roll No.**

No. of Questions - 11

No. of Printed Pages - 7

SS-22-Urdu Sah.

SENIOR SECONDARY EXAMINATION - 2017

URDU SAHITYA

Time : 3¼ Hours
Maximum Marks : 80

طلبہ کے لئے ہدایات :

(i) طلبہ/طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہوں، ان حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

(vi) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

1. درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کو چُن کراس پر دیئے گئے سوالات کے جواب تحریر کیجئے۔ **[8]**

(الف)

تو شروع کرتا ہوں نام لے کر اس خدا کا، جس نے یہ دنیا بنائی۔ اسی خدا کی خدائی میں ایک ملک تھا کہ نام تھا جس کا ملکِ ہوا، کیونکہ وہاں کے باسی ہواؤں سے ہی اپنی ضرورت پوری کیا کرتے تھے اس ملک ہوا کا بادشاہ جب مرنے لگا تو اپنے جوان بیٹے کو یہ وصیت کی کہ بیٹا اپنے محل کے سارے کمرے کھولنا مگر وہ تالا کبھی نہیں کھولنا جو ایک سرنگ کے دروازے پر لگا ہے، کیونکہ اس سُرنگ میں آگ، پانی، مٹی اور ہوا ایک ساتھ قید ہیں اور یہ ایک ایسا عجوبہ ہے جو ملکِ ہوا کے باشندوں کی عقل وفہم سے باہر ہے۔

سوالات:

(i) مندرجہ بالا اقتباس کی تشریح سیاق وسباق کا حوالہ دیتے ہوئے کیجئے۔ **[5]**

(ii) کس ملک کے باسی ہواؤں سے ہی اپنی ضرورت پوری کرتے تھے؟ **[1]**

(iii) سرنگ میں ایک ساتھ کیا کیا قید تھے؟ **[1]**

(iv) اقتباس میں آئے لفظ ''باشندوں'' کے معنی لکھیے۔ **[1]**

(ب)

1937 کی گرمیوں کے شروع میں پنجاب کسان کمیٹی کا سالانہ اجلاس امرتسر میں ہونا قرار پایا۔ صوبہ متحدہ کی کسان سبھا کے کارکنوں کی حیثیت سے ڈاکٹر اشرف کو اور مجھے اس کانفرنس میں شرکت کیلئے مدعو کیا گیا تھا۔ ہم دونوں اس کے آرزومند بھی تھے۔ اس لئے کہ پنجاب کی کسان تحریک ہمارے صوبہ کی کسان تحریک سے زیادہ مضبوط تھی اور ہم چاہتے تھے کہ اپنی آنکھوں سے پنجاب کے جری اور آزادی خواہ کسان عوام کو ہزاروں کی تعداد میں ایک جگہ پر جمع دیکھیں۔ ان کے اتحاد، طاقت اور انقلابی جذبے کا ذاتی تجربہ کریں، اور اس طرح خود اپنے انقلابی شعور کو وسعت دیں۔

سوالات:

(i) مندرجہ بالا اقتباس کی تشریح سیاق وسباق کا حوالہ دیتے ہوئے کیجئے۔ **[5]**

(ii) پنجاب کسان کمیٹی کا سالانہ اجلاس کہاں پر ہونا قرار پایا ہے؟ **[1]**

(iii) مصنف کے علاوہ کانفرنس میں شرکت کے لئے اور کسے مدعو کیا گیا تھا؟ **[1]**

(iv) لفظ ''عام'' کی جمع اقتباس میں سے چھانٹ کر لکھئے۔ **[1]**

2. مندرجہ ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ سو الفاظ میں لکھئے۔ **[6]**

(i) خوجی ایک مطالعہ۔

(ii) لمحے۔

(iii) مچھّر

3. درج ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کی سوانح حیات اور طرزِ تحریر لکھئے۔

(i) مرزا غالبؔ [6]

(ii) سریندر پرکاش

(iii) کرشن چندر

4. مندرجہ ذیل حصّوں میں سے کسی ایک حِصّہ کی تشریح کیجئے اور شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے کیجئے۔

[8]

(الف)

ہوا نے دیپ بجھایا ہی تھا کہ نکلا چاند
قلم کو تیز چلاؤ کہ یہ بھی ڈوب نہ جائے
خود اپنے دل کے اجالے کا اعتبار نہیں
کہ ایک بار یہ جائے تو پھر پلٹ کے نہ آئے
یہ چاندنی کا اجالا، یہ نیم شب کا سکوں
سفید گنبد و در دودھ میں نہائے ہوئے
ستارو کوئی کہانی کہو کہ رات کٹے
نہ یاد آئیں مجھے روز و شب بھلائے ہوئے

(ب)

(i) اب شوق سے بگاڑ کی باتیں کیا کرو

کچھ پا گئے ہیں آپ کی طرزِ بیاں سے ہم

(ii) زندگی ہے تو بہر حال بسر بھی ہوگی

شام آئی ہے تو آئے کہ سحر بھی ہوگی

(iii) ہم کو گزری ہوئی صدیاں تو نہ پہچانیں گی

آنے والے کسی لمحے کو صدا دی جائے

(iv) جنگل میں ہوئی ہے شام ہم کو

بستی سے چلے تھے منھ اندھیرے

5. مندرجہ ذیل شعراء میں سے کسی ایک شاعر کی سوانح حیات اور کلام کی خوبیاں تحریر کیجئے۔

[6]

(i) آرزوؔ لکھنوی

(ii) اقبالؔ

(iii) ن۔م۔راشدؔ

6. مندرجہ ذیل نظموں میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے۔

(i) ارتقا [6]

(ii) ملکِ بے سحر و شام

(iii) وقت کا ترانہ

7. کتاب خیابانِ اردو کے درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔

(i) کلرک کی موت [6]

(ii) جلتی جھاڑی

(iii) بیوہ

8. مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دو کے مختصر جواب لکھیے۔

(i) ڈرامہ ''یہودی کی لڑکی'' میں رومن شہزادے کے کردار کا نام کیا ہے؟ **[1+1=2]**

(ii) کہانی ''کلرک کی موت'' کے مصنف کون ہیں؟

(iii) انشائیہ ''مرحوم کی یاد میں'' میں مصنف مرزا صاحب سے کیا خریدتے ہیں؟

(iv) کہانی ''جلتی جھاڑی'' کس زبان سے اردو میں ترجمہ کی گئی ہے؟

9. درجِ ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب تفصیل سے لکھیے۔

(i) دبستان لکھنؤ کی اہم خوبیاں بتائیے۔ **[8+8=16]**

(ii) اردو زبان نے کس طرح ترقی کی؟ تفصیل سے لکھئے۔

(iii) ترقی پسند تحریک کیا تھی؟ اس کے متعلق تفصیل سے بیان کیجئے۔

(iv) فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجئے۔

10. مندرجہ ذیل اصنافِ ادب میں سے کسی ایک صنف پر مفصل نوٹ لکھئے۔

(i) غزل **[8]**

(ii) نظم

(iii) خاکہ

11. مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے:

(i) کمپیوٹر کی اہمیت اور افادیت **[8]**

(ii) بڑھتی بے روزگاری کا مسئلہ

(iii) میرا پسندیدہ ادیب/شاعر

(iv) ''صحت مند جسم میں صحت مند دماغ بستا ہے''

☆☆☆☆☆

DO NOT WRITE ANYTHING HERE